صحبت یار آخر شد از ڈاکٹر شعیب اعظمی تقطیع متوسط ضخامت ۲۲۴ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت
پتہ: انڈو پرشین سوسائٹی، دہلی

نوجوان مصنف جو جامعہ ملیہ اسلامیہ میں فارسی کے استاد ہیں انھوں نے بنیاد فرہنگ ایران کی دعوت پر ۱۹۶۹ء میں ہندوستان کے بارہ فارسی کے اساتذہ اور طلبا، کے ساتھ ڈھائی مہینے کے لئے سیر و سیاحت کے لئے ایران کا سفر کیا تھا۔ یہ کتاب اسی سفر کی روئداد ہے۔ چونکہ اس سفر کا مقصد ایران کی معاشرت اور وہاں کے سماجی حالات کا مشاہدہ اور اس کے ذریعہ ایرانی بول چال سے واقف ہونا تھا اس لئے اس وفد کو تہران، اصفہان، شیراز اور خراسان کی سیر کرائی گئی ہیں۔ علاقوں میں ان حضرات نے تاریخی مقامات اور تعلیمی اداروں کو دیکھا۔ بازاروں اور تفریح گاہوں میں گھومے پھرے۔ عوام و خواص سے ملاقاتیں کی۔ سماج کے اچھے برے مناظر دیکھے۔ چھوٹے، بڑے ہوٹلوں میں کھانا کھایا۔ اس بنا پر اس کتاب میں تاریخی، ادبی اور علمی معلومات کے علاوہ ایران کے سماجی اور معاشرتی حالات کا تذکرہ مفصل ہے اور دلچسپ بھی ایران کا سفر کرنے والوں کے لئے یہ کتاب ایک گائڈ کا کام کر سکتی ہے۔

ضروری گذارش | ادارۂ ندوۃ المصنفین کی ممبری یا برہان کی خریداری وغیرہ کے سلسلہ میں جب آپ دفتر کو خط لکھیں یا منی آرڈر ارسال فرمائیں تو اپنا پتہ تحریر کرنے کے ساتھ برہان کی چٹ پر آپ کے نام کے ساتھ درج شدہ نمبر بھی ضرور تحریر فرما دیں۔ اکثر منی آرڈر کوپن پتہ اور نمبر سے خالی ہوتے ہیں جس سے بڑی زحمت ہوتی ہے (جنرل منیجر)